عورت کے پستان سے نکلنے والی رطوبت کا حکم

مجیب: ابو حفص مولانا محمد عرفان عطاری مدنی

فتوی نمبر: WAT-2727

تاریخ اجراء: 12 ذوالقعدۃ الحرام 1445ھ / 21 مئی 2024ء

دار الافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

غیر شادی شدہ عورت کے پستان سے اگر سفید رنگ جیسی کوئی رطوبت نکلے تو یہ پاک ہو گی یا ناپاک؟ اور اس سے وضو اور غسل کا کیا حکم ہو گا؟

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِكِ الْوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَايَةَ الْحَقِّ وَ الصَّوَابِ

عورت شادی شدہ ہو یا غیر شادی شدہ اس کے پستان سے نکلنے والی سفید رنگ کی رطوبت اگر کسی بیماری یا درد کی وجہ سے نکلے تو ناپاک ہو گی اور اس سے وضو ٹوٹ جائے گا، اور اگر یہ رطوبت بغیر کسی بیماری اور درد کے ویسے ہی نکلے یا وہ دودھ ہو تو یہ پاک ہے اور اس سے وضو بھی نہیں ٹوٹے گا۔

پستان سے بیماری کے سبب بہنے والی رطوبت ناپاک ہو گی اور وضو توڑ دے گی، جیسا کہ غنیۃ المتملی میں ہے: ”کل مایخرج من علۃ من أی موضع کان کالاذن والثدی والسرۃ ونحوھا فانہ ناقض علی الاصح لانہ صدید“ ترجمہ: ہر وہ رطوبت جو کسی بھی جگہ سے بیماری کی وجہ سے نکلے، جیسے کان، پستان، ناف وغیرہ سے، تو اصح قول کے مطابق وہ رطوبت وضو کو توڑ دے گی کیونکہ وہ زخم کا پانی ہے۔ (غنیۃ المتملی، نواقض وضو، صفحہ 116، مطبوعہ کوئٹہ)

سیدی اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ علیہ فتاوی رضویہ میں ارشاد فرماتے ہیں: ”حقیقت امر یہ ہے کہ درد و مرض سے جو کچھ بہے اسے ناقض ماننا اس بناء پر ہے کہ اس میں آمیزشِ خون وغیرہ نجاسات کا ظن (گمان) ہے“۔ (فتاوی رضویہ، جلد 1، حصہ اول، صفحہ 356، رضا فاؤنڈیشن، لاہور)

اگر رطوبت بغیر کسی بیماری اور درد کے ویسے ہی نکلے تو پاک ہے اور وضو بھی نہیں توڑے گی، چنانچہ تحفۃ الفقہاء میں ہے: ”وأما إذا کان الخروج من غیر السبیلین فإن کان الخارج طاھراً مثل الدمع والریق والمخاط والعرق واللبن ونحوھا لا ینقض الوضوء بالإجماع وإن کان نجساً ینقض الوضوء“ ترجمہ: اور بہر حال

جب کسی چیز کا نکلنا غیر سبیلین سے ہو، تو اگر وہ نکلنے والی چیز پاک ہو مثلاً آنسو، تھوک، رینٹھ، پسینہ، دودھ وغیرہ تو بالاجماع ان چیزوں کے نکلنے سے وضو نہیں ٹوٹے گا اور اگر ناپاک ہو تو وضو ٹوٹ جائے گا۔ (تحفۃ الفقھاء، جلد1، باب الحدث، صفحہ18، دار الکتب العلمیۃ، بیروت)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.daruliftaahlesunnat.net | daruliftaahlesunnat | DaruliftaAhlesunnat

Dar-ul-ifta AhleSunnat | feedback@daruliftaahlesunnat.net